RESOLUTION NO.107

اس ایوان کی یہ متفقہ رائے ہے کہ غزہ میں محصور فلسطینیوں کے لئے امدادی اور غذائی اشیاء لے جانے والے چھ جہازوں پر مشتمل قافلے پر مورخہ 31-05-2010 کو اسرائیلی بحریہ کے کمانڈوز کا حملہ عالمی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ یہ واقعہ بین الاقوامی سمندری حدود میں وقوع پذیر ہوا۔ یہ حملہ امن اور مصالحت پر حملہ کے مترادف ہے۔ یہ دہشت گردی کی بدترین مثال ہے۔ جس کے نتیجے میں بیس افراد جان بحق اور ساٹھ سے زیادہ افراد زخمی ہوئے

یہ امدادی سامان 40 ممالک کے تقریبا 700 افراد لے کر جارہے تھے۔ جن میں پاکستانی صحافی طلعت حسین اور ان کی ٹیم بھی شامل تھی۔ یہ ایوان برادر اسلامی ملک ترکی سمیت ان تمام افراد کو خراج تحسین پیش کرتا ہے اور متاثرہ خاندانوں اور فلسطینی بھائیوں سے ہمدردی اور اظہار یکجہتی کا اظہار کرتا ہے اور اسرائیل کے اس بلاجواز حملے کی پر زور مذمت کرتا ہے۔

یہ ایوان عالمی برادری سے پر زور مطالبہ کرتا ہے کہ اسرائیل کو اس قسم کی جارحانہ کاروائیوں سے باز رکھنے کے لئے مناسب و موثر اقدامات اٹھائے جائیں۔ اور فوری طور پر غزہ کا محاصرہ ختم کیا جائے اس کے علاوہ تمام امدادی سامان کو بھی فی الفور غزہ پہنچایا جائے۔ اور فلسطین کے مسلہ کا مستقل حل تلاش کیا جائے۔

Moved by Senator Syed Nayyar Hussain Bukhari,
Unanimously Passed by the House on 3rd June, 2010